ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(629)

مورخہ 25.11.2023

**بہاول پور(　　　)ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔شراب فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ سول لائینز اور تھانہ سٹی یزمان پولیس نے 03 ملزمان طلحہ عمر، ساجد محمود اور راشد قدیر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 135 لیٹر شراب برآمد کر لی۔اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ دھوڑ کوٹ اور تھانہ سٹی حاصلپور پولیس نے 02 ملزمان غلام یسین اور ریاض عرف راجو کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 1200 گرام چرس اور 2400 گرام بھنگ برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ عباس نگر، تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے 03 ملزمان زبیر، نادر اور عمر فاروق کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، شراب، منشیات کے ساتھ ساتھ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

PUNJAB POLICE BAHAWALPUR




بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر انچارج خدمت مرکز محمد ایوب ایس آئی اپنی ٹیم کے ہمراہ شیومندر میں ہندو برادری کے مسائل سن رہے ہیں



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر حاصل پور کی کامیاب کارروائی، چند یوم قبل اغوا ہونے
والی 15 سالہ لڑکی بازیاب، خاتون سمیت دیگر ملزمان گرفتار



بہاولپور: ڈسٹرکٹ بار کے وکلاء و قائدین اتحاد تنظیمات اہلسنت کے وفود کی پر امن محرم الحرام اور منشیات فروشوں کے خلاف
کامیاب کارروائیوں کے حوالے سے ڈی پی او سید محمد عباس سے ملاقات، پھولوں کے گلدستے پیش کیے